

# ملک کے سیاحتی مقامات کی تشہیر اسکی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرسکتی ہے

## ممتاز صنعتکار جناب طارق سراج جعفری

(چیف ایگزیکٹو کولڈ کرافٹ)

## کا خصوصی پیغام

اللہ پاک کے فضل و کرم سے وطن عزیز تاریخی ،تہذیبی اور ثقافتی اعتبار سے ایک ایسے عظیم الشان ورثے کا حامل ہے کہ اگر اس سے دنیا کو ایک منصوبہ بندی کے تحت مربوط طریقے سے روشناس کرایا جائے تو پاکستان سیاحوں کی جنت بن سکتا ہے جس سے نہ صرف پاکستان کو کثیر مقدار میں زرمبادلہ حاصل ہوسکتا ہے بلکہ موجودہ عہد میں ملک کے خوشگوار تشخص کو بیرونی ممالک میں متعارف کرانے کی جو ضرورت اب ناگزیر حیثیت اختیار کرگئی ہے وہ بھی نہائیت احسن طریقے سے پوری ہوسکتی ہے آج کی دنیا میں متعدد ایسے ممالک بھی موجود ہیں کہ جن کے پاس سیاحوں کے دیدہ ودل کو اپنی جانب کھینچنے والے مناظر فطرت کا پاکستان کے مقابلے میں عشر عشیر بھی نہیں لیکن انہوں نے اپنے تفریحی مقامات کو اس قدر پرکشش بنایا ہے اور سیاحوں کو اتنی سہولتیں دی ہیں کہ دنیا کے گوشے گوشے سے سیاح ادھر کھچے چلے آتے ہیں پاکستان میں سیاحوں کے ذوق فکر و نظر کی تسکین کے لئے ہر طرح کا سامان موجود ہے مگر اس کے باوجود ہم ابھی تک ان کو متوجہ کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکے اور اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں آنے والی مختلف حکومتوں نے سیاحت کی اہمیت اور افادیت کو ہی پورے طور پر محسوس نہیں کیا اور انہوں نے بیرونی ممالک میں پاکستان کے سیاحتی و تفریحی مقامات کو متعارف کرانے کا سارا کام اپنے سفارت خانوں پر چھوڑے رکھا یا اس کے لئے نجی سطح پر انتہائی محدود پیمانے پر بے دلی سے کچھ کوششیں کی گئیں اور ایسی نیم دلانہ جدوجہد سے جتنے نتائج نکل سکتے تھے اتنے ہی نکلے حالانکہ تھوڑے سے غور کے